قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- بلوچستان کے اویس ضیاء اور اکبرالرحمٰن کی سنچریاں
- سنٹرل پنجاب کے اعزاز چیمہ کے 4 شکار
- خیبرپختونخوا کی جانب سے خوشدل شاہ اور مہران ابراہیم نے سنچریاں اسکور کیں

لاہور، 26 ستمبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈالیون ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا آغاز ہوگیا۔26 ستمبر بروز جمعرات سے شروع ہونے والا راؤنڈ 28 ستمبر بروز ہفتہ تک جاری رہے گا۔

لاہور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ لاہور میں میزبان سنٹرل پنجاب اور بلوچستان کی ٹیموں کے درمیان 3 روزہ میچ کا آغاز ہوگیا ہے۔ پہلے روز کے اختتام پر مہمان ٹیم نے مقررہ 83 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پرپہلی اننگز میں 335 رنز بنائے۔جواب میں سنٹرل پنجاب نے بغیر کسی نقصان کے 8 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل بلوچستان کے کپتان اکبر الرحمٰن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔میزبان ٹیم کے مینٹور اعزاز چیمہ نےمہمان ٹیم کےاوپنر اسامہ رزاق کو 1 کے مجموعی اسکور پرآؤٹ کردیا جس کے بعد اویس ضیاء اور تیمور علی کے درمیان 128 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔اویس ضیاء 100 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں 13 چوکے شامل تھے۔ تیمور علی نے 43 رنز بنائے تاہم بلوچستان کی جانب سے سب سے زیادہ اکبر الرحمٰن نے ناقابل شکست 107 رنز اسکور کیے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے اعزاز چیمہ نے 4، احمد صفی عبداللہ نے 2 اور زاہد منصور نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ پہلی اننگز میں 336 رنز کے جواب میں سنٹرل پنجاب نے دن کے اختتام تک 5 اوورز میں 8 رنز بنائے اور اس کے دونوں اوپنرز کریز پر موجود ہیں۔

سندھ اور ناردرن کے درمیان نیشنل بنک اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ کے پہلے روز کا کھیل بارش سے متاثر ہوگیا۔ میزبان ٹیم نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنائے تھے کہ بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ اس سے قبل میزبان ٹیم کےکپتان اور مینٹور محمد سمیع نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ سندھ کی جانب سے عماد عالم اور احسن علی نے پہلی اننگز کا آغاز کیا تو 41 کے مجموعی اسکور پر ناردرن کے دونوں اوپنر ز پویلین واپس لوٹ گئے۔ دونوں کھلاڑیوں کو ناردرن کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر نے سلمان ارشاد نے آؤٹ کیاسندھ کی جانب سے آؤٹ ہونے والے تیسرے بیٹسمین جاہد علی تھے جو اسامہ میر کی گیند پروکٹ گنوا بیٹھے۔ انہوں نے 23 رنز بنائے۔ پہلے روز سندھ کی جانب سےرمیز راجہ جونیئر نے سب سے زیادہ 35 رنز بنائے۔ میزبان ٹیم نے 56.5 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنائے تھے کہ شدید بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ محمد وقاص جونیئر 27 اور اشعر قریشی بغیر کوئی رنز بنائے کریز پر موجود ہیں۔ ناردرن کی جانب سے سلمان ارشاد اور اسامہ میر نے 2،2 جبکہ سرمد بھٹی اور نوید ملک نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

ادھر حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں سیزن کے پہلے میچ میں خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔ خیبرپختونخوا کی ٹیم 346 رنز پر آؤٹ ہوچکی ہے۔دن کے اختتام تک سدرن پنجاب نے 1 وکٹ کے نقصان پر 16 رنز بنالیے ہیں۔اس سے قبل مہمان ٹیم نے ٹاس جیت کر خیبرپختونخوا کوپہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ 45 رنز پر میزبان ٹیم کے 3 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے جس کے بعد کپتان خوشدل شاہ اور اور مہران ابراہیم کے درمیان 188 رنز کی شراکت نے میزبان ٹیم کی لڑکھڑاتی بیٹنگ کو سہارا دیا۔ خوشدل شاہ نے 6 چھکوں اور 14 چوکوں کی مدد سے 120 جبکہ مہران ابراہیم نے 2 چھکوں اور 7 چوکوں کی مدد سے 113 رنز بنا ئے۔ دونوں کھلاڑیوں کو سلمان علی آغا نے آؤٹ کیاتاہم سدرن پنجاب کی جانب سے مسلسل 2 میچوں 10 ،10 وکٹیں حاصل کرنے والے تجربہ کار اسپنر اور مینٹور ذوالفقار بابر نے میچ کی پہلی اننگز میں 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ خیبرپختونخوا کی جانب سے پہلی اننگز میں 346 رنز کے جواب میں سدرن پنجاب کی اننگز کا آغاز کچھ زیادہ اچھا نہیں رہا۔ اوپنر مختار احمد 8 کے مجموعی اسکور پرآؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹے۔ دن کے اختتام پر زین عباس6 اورذیشان اشرف 4 رنز بنا کرکریز پر موجود ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk